C 41680 (Pages : 8) Name..................................

Reg. No...............................

P.G./INTEGRATED P.G. ENTRANCE EXAMINATION, APRIL 2023

URDU LANGUAGE AND LITERATURE

Time : Two Hours Maximum : 100 Marks

ہدایات:

☆داخلہ امتحان کا پرچہ دو حصوں میں منقسم ہے، جس میں حصہ اول معروضی سوالات پر اور حصہ دوم موضوعاتی سوالات پر مبنی ہے۔

☆ حصہ اول کے تمام سوالات لازمی ہیں اور ہر سوال کے نمبرات مساوی ہیں۔

☆غلط جواب کے لئے 0.25 نمبرات منہا کیے جائیں گے۔

حصہ اول

(50X01=50)

1) ''دکن میں اُردو'' کس کی تصنیف ہے؟

a) مولانا حالیؔ b) مولوی عبدالحق c) سرسید احمد خان d) نصیرالدین ہاشمی

2) ان میں مغربی ہندی کی بولی کونسی ہے؟

a) برج بھاشا b) پراکرت c) سنسکرت d) مگدی

3) قطب شاہی دور کا ملک الشعراء کون ہے؟

a) ولی اورنگ آبادی b) سراج اورنگ آبادی c) ملا وجہی d) ابن نشاطی

4) کس اردو شاعر نے دکن سے دہلی کا سفر کیا؟

a) میر تقی میرؔ b) ولی اورنگ آبادی c) امیر خسرو d) قلی قطب شاہ

Turn over

5) ان میں غزل کا استاد کون ہے؟

a) امیر خسرو　b) محمد رفیع سودا　c) میر تقی میر　d) میر درد

6) طنز و ظرافت کس شاعر کے کلام کی اہم خصوصیت ہے؟

a) نظیر اکبر آبادی　b) مرزا غالب　c) سر محمد اقبال　d) میر انیس

7) علامہ اقبال کا پہلا شعری مجموعہ کونسا ہے؟

a) بال جبرئیل　b) بانگ درا　c) ارمغان حجاز　d) ضرب کلیم

8) ''عود ہندی'' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

a) مولانا حالی　b) مولوی عبدالحق　c) مرزا غالب　d) ابوالکلام آزاد

9) کس صنف نثر میں تصادم پایا جاتا ہے؟

a) ناول　b) ڈرامہ　c) افسانہ　d) ناولٹ

10) ''غبار خاطر'' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

a) مولانا حالی　b) محمد حسین آزاد　c) سر سید احمد خان　d) ابوالکلام آزاد

11) ڈرامہ ''کھیتی'' کس نے لکھا؟

a) پروفیسر مجیب　b) آغا حشر　c) کرشن چندر　d) حبیب تنویر

12) ہندوستان میں ترقی پسند تحریک کا آغاز کب عمل میں آیا؟

a) 1935ء　b) 1936ء　c) 1950ء　d) 1940ء

13) ان میں کیرلہ میں اُردو سے تعلق رکھنے والا مصنف کون ہے؟

a) نصیرالدین ہاشمی b) مولوی عبدالحق c) سرسید احمد خان d) سید محمد سرور

14) اُردو کی سب سے مقبول صنف سخن کونسی ہے؟

a) قصیدہ b) غزل c) مثنوی d) رباعی

15) طویل نظم کو کیا کہتے ہیں؟

a) رباعی b) غزل c) قطعہ d) مثنوی

16) ''شعرالعجم'' کس نے تصنیف کی؟

a) محمد حسین آزاد b) ابوالکلام آزاد c) مولانا حالی d) مولانا شبلی

17) ''کفن'' کس کا افسانہ ہے؟

a) منٹو b) عصمت c) پریم چند d) راجیندر سنگھ بیدی

18) ''اُردو ڈرامے کا شیکسپیر'' کسے کہا جاتا ہے؟

a) امتیاز علی تاج b) حبیب تنویر c) آغا حشر d) کرشن چندر

19) نظم ''چکلے'' کس نے لکھی؟

a) ساحر لدھیانوی b) فیض احمد فیض c) احمد فراز d) غالب

20) ذیل میں جدید غزل گو شاعر کون ہے؟

a) میر تقی میر b) ولی اورنگ آبادی c) فراق گورکھپوری d) ذوق

21) ذیل میں کس شاعر کو ''شاعر مشرق'' کہا جاتا ہے؟

a) علامہ اقبال b) فراق گورکھپوری c) نظیر اکبر آبادی d) جوش ملیح آبادی

22) حالی کا ''مقدمہ شعر و شاعری'' پہلی بار کہاں سے شائع ہوا؟

a) لکھنؤ b) دہلی c) علیگڑھ d) آگرہ

23) افسانوی مجموعہ ''انگارے'' کس کی نمائندگی کرتا ہے؟

a) جدیدیت b) ترقی پسند تحریک c) علی گڑھ تحریک d) رومانیت

24) ذیل میں قرۃ العین حیدر کا ناول کونسا ہے؟

a) میرے بھی صنم خانے b) میدان عمل c) مراۃ العروس d) گریز

25) ان میں پریم چند کا مشہور افسانہ کونسا ہے؟

a) دنیا کا انمول رتن b) حج اکبر c) کفن d) گلی ڈنڈا

26) ''منوہر اور مدمالتی'' کس مثنوی کے کردار ہیں؟

a) گلشن عشق b) سحر البیان c) زہر عشق d) کدم راؤ پدم راؤ

27) جگر مرادآبادی کا شعری مجموعہ کونسا ہے؟

a) زندان نامہ b) آتش گل c) چنگ و رباب d) آئینہ

28) ذیل میں اُردو کا عوامی شاعر کون ہے؟

a) اکبر الہ آبادی b) نظیر اکبر آبادی c) مرزا غالب d) جوش ملیح آبادی

29) کس شاعر کا کلام ''شباب اور انقلاب'' کا سنگم ہے؟

a) جوش ملیح آبادی b) نظیر اکبر آبادی c) اکبر الہ آبادی d) جگر مراد آبادی

30) میر امن کی تصنیف ''باغ و بہار'' میں کونسا قصہ بیان کیا گیا ہے۔؟

a) گل بکاولی b) حاتم طائی c) چہار درویش d) سندھ باد جہازی

31) ''اپنی مدد آپ'' کس کا مضمون ہے؟

a) ابوالکلام آزاد b) محمد حسین آزاد c) سر سید احمد خان d) مولانا حالی

32) اُردو کا پہلا افسانہ نگار کون ہے؟

a) ڈپٹی نذیر احمد b) پریم چند c) کرشن چندر d) عزیز احمد

33) ''دلاور خان'' کس ناول کا کردار ہے؟

a) غبن b) شکست c) امراؤ جان d) ابن الوقت

34) مرزا دبیر کے ہم عصر کون تھے؟

a) اقبال b) ذوق c) حاتم d) میر انیس

35) ''نقش فریادی'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

a) مجاز b) فیض c) اختر شیرانی d) ساحر

36) کس افسانہ نگار پر فحاشی کا الزام لگایا گیا تھا؟

a) منٹو b) بیدی c) پریم چند d) عزیز احمد

37) ''یادگارِ غالب'' کس کی تصنیف ہے؟

a) سر سید احمد خان b) مولانا حالی c) مولانا شبلی d) محمد حسین آزاد

38) ان میں رومانی تحریک سے تعلق رکھنے والا شاعر کون ہے؟

a) علامہ اقبال b) مرزا غالب c) سردار جعفری d) اختر شیرانی

39) ''روایت اور بغاوت'' کے مصنف کون ہیں؟

a) گوپی چند نارنگ b) شمس الرحمٰن فاروقی c) احتشام حسین d) محمد حسین آزاد

40) ذیل میں شمس الرحمٰن فاروقی کی تصنیف کونسی ہے؟

a) شعر شور انگیز b) اُردو تنقید پر ایک نظر c) مسرت سے بصیرت تک d) اسلوبیات میر

41) ''دھنیا'' کس ناول کا اہم کردار ہے؟

a) میدان عمل b) چوگان ہستی c) گؤدان d) نرملا

42) ''ایشر سنگھ'' کس افسانے کا کردار ہے؟

a) نظارہ درمیان ہے b) مہالکشمی کا پل c) ٹوبہ ٹیک سنگھ d) ٹھنڈا گوشت

43) حالی کے نزدیک کونسی صنف سخن زیادہ کارآمد قرار دی گئی ہے؟

a) غزل b) مثنوی c) مرثیہ d) قصیدہ

44) ذیل میں نذیر احمد کے ناول کی نشاندہی کیجئے؟

a) امراؤ جان b) میدان عمل c) توبۃ النصوح d) شکست

45) ڈرامہ ''دروازے کھول دو'' کس نے لکھا؟

a) حبیب تنویر b) امتیاز علی تاج c) آغا حشر d) کرشن چندر

46) محمد حسین آزاد کی تصنیف ''آب حیات'' پہلی بار کس سن میں شائع ہوئی

a) سن 1870 b) سن 1970 c) سن 1860 d) سن 1880

47) کس افسانہ نگار کے افسانوں میں دیہاتوں کی تصویر زیادہ دکھائی دیتی ہے؟

a) پریم چند b) عصمت چغتائی c) راجندر سنگھ بیدی d) منٹو

48) اردو شاعری کو جدید ذہن کس نے عطا کیا؟

a) ولی اورنگ آبادی b) نظیر اکبر آبادی c) مرزا غالب d) میر تقی میر

49) ''دلآرام'' کس ڈرامہ کا کردار ہے؟

a) دروازے کھول دو b) آگرہ بازار c) اندر سبھا d) انارکلی

50) جان گل کرسٹ کا تعلق کس ادارے سے ہے؟

a) دہلی کالج b) فورٹ ولیم کالج c) علی گڑھ کالج d) دارالترجمہ حیدرآباد

حصہ دوم

II) ذیل میں سے کسی پانچ سوالوں کے جواب مختصر لکھیے۔ (5X4=20)

51) مولانا حالی کی چار تصانیف کے نام لکھیے۔

52) علامہ اقبال کے دو شعر لکھیے۔

53) مرثیہ کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔

(54) فیض احمد فیض کے چار شعری مجموعوں کے نام گنایئے۔

(55) علی گڑھ تحریک سے وابستہ چار نثر نگاروں کے نام لکھئے۔

(56) اردو کے چار اہم ناقدین کے نام لکھئے۔

(57) پریم چند کے چار ناولوں کے نام بتایئے۔

(58) ترقی پسند دور کے چار افسانہ نگاروں کے نام لکھیئے۔

(III مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ (2X15=30)

(59) اردو زبان کے آغاز سے متعلق مختلف نظریات کی نشاندہی کیجئے۔

یا

اردو زبان کے ارتقا میں فورٹ ولیم کالج کی خدمات پر روشنی ڈالئے۔

(60) علامہ اقبال کی شاعرانہ عظمت بیان کیجئے۔

یا

غالب کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔